زهراء كا لاڈلا تيري گودي ميں لُٹ گيا

زهراء كا لاڈلا تيري گودي ميں لُٹ گيا
اے ارضِ كربلا اے ارضِ كربلا
اِك دوپهر ميں لُٹ گيا كُنبه هرا بهرا

عبّاس جو تها شاه كا بازوئے نامدار وه بهي تها دل فِگار
بازو كٹا كے خاك پر تيري گِرا هوا اے ارضِ كربلا

سينے پر برچهي كهاكے هيں اكبر گِرے هوے گيسو اَٹے هوئے
سيراب اُس كے خون سے هر ذرّه هے تيرا اے ارضِ كربلا

گِهوارا هيں صغير كا خالي پڑا هوا خيمه لُٹا هوا
بانو كا چاند هے تيرے آغوش ميں چهپا اے ارضِ كربلا

عبد سيدنا المنعام طعش معزملاً نذرعلي پارسولا (گلياكوٹ والا) الفحيحيل الكويت ٠٠٩٦٥٩٧٢١٤٥١٤ galiakoti@yahoo.com التماس الدعاء

خیبر شِکن کا لال اب زخمون سے چور ھیں　　یثرِب سے دور ھے
ناسوت اُسکا چاند سا ھیں خون میں اَٹَا　　اے ارضِ کربلا

ٹھوکر لگائي شمر نے پھر شه کو ٗان کر　　خنجر کو تان کر
سجدے میں اُسنے ٗاپکا سر کر دِیا جُدا　　اے ارضِ کربلا

خیمے جلے حسین کے اسباب لُٹ گیا　　دل سب کا پھٹ گیا
گھوڑون سے لاشه ٗاپکا پامال ھو گیا　　اے ارضِ کربلا

بُرھان دیں حسین کي حرمت سے اے خدا　　باقي رھے سدا
مرقد په ھے حسین کے سب کي یھي دُعاء　　اے ارضِ کربلا

بُرھان دیں کے صدقے میں زیارة نصیب ھو　　نعمة قریب ھو
حاصل ھو سیف دیں کو تیري خاك سے شفاء　　اے ارضِ کربلا

*****